# بھنیرو ٹیکسٹائل ملزلمیٹڈ

## سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ بھنیرو ٹیکسٹائل ملز لمیٹڈ کے ممبران کا اڑتیسواں (38) سالانہ اجلاس عام جمعہ 27 اکتوبر 2016 کو شام چار بجے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع عمر ہاؤس 23/1 سیکٹر 23 ایس ایم فاروق روڈ کورنگی انڈسٹریل ایریا کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

**عمومی امور:**

(1) غیر معمولی اجلاس عام منعقدہ 31 جنوری 2017 کی کارروائی کی توثیق۔

(2) 30 جون 2017ء کو مکمل ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

(3) 30 جون 2017ء کو مکمل ہونے والے سال کے لئے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارشات کے مطابق 368 فیصد (یعنی 36.80 روپے فی حصص) کی شرح سے نقد منافع منقسمہ کی منظوری۔

(4) 2017-18 کے لئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہیرہ کا تعین۔ سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز مشتاق اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس نے اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کے لئے اپنی خدمات پیش کی ہیں۔

(5) چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

**کراچی۔**

**موخہ** 27 **ستمبر** 2017ء

**بحکم بورڈ**

**عاصم مرزا**

**کمپنی سیکریٹری**

**نوٹ:**

(1) کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 21 اکتوبر 2017ء تا 27 اکتوبر 2017ء (دونوں دن شامل) بند رہیں گی۔ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس واقع عمر ہاؤس 23/1 سیکٹر 23 ایس ایم فاروق روڈ کورنگی انڈسٹریل ایریا کراچی میں 19 اکتوبر 2017ء تک موصول ہونے والی منتقلیاں 30 جون 2017ء کو مکمل مدت کے لئے منافع منقسمہ کی اہلیت کے تعین کے لئے بروقت سمجھی جائیں گی۔

(2) اجلاس عام میں شرکت اور رائے دہی کا اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور رائے دہی کے لئے اپنا پروکسی مقرر کر سکتا ہے ممبر کے علاوہ کوئی فرد پروکسی مقرر نہیں کیا جا سکتا۔

(3) پروکسی کی تقرری کی دستاویز، پاور آف اٹارنی یا دیگر دستاویز یا پاور آف اٹارنی کی تصدیق شدہ کاپی، دستخط مہر اور گواہی کے ہمراہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس کے انعقاد کے لئے کم از کم اڑتالیس گھنٹے قبل جمع کرانی ہوں گی۔

(4) سی ڈی سی میں رجسٹرڈ شیئرز کے انفرادی مالکان، جو اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کے اہل ہیں، کو اپنی شناخت کے لئے اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ، اکاؤنٹ اور شریک کا آئی ڈی نمبر پیش کرنا ہوگا پروکسی کی صورت میں سی این آئی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپی منسلک کرنا ہوگی۔ کارپوریٹ ممبران کے نمائندوں کو اس مقصد کیلئے معمول کے مطابق دستاویزات ہمراہ لانی ہوں گی۔ سی ڈی سی کے اکاؤنٹ ہولڈرز/سب اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید برآں سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 1 مجریہ 2000ء مورخہ 26 جنوری 2000ء میں درج ہدایات پر عمل کرنا ہوگا۔

(5) سیکیوریٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی بذریعہ لیٹر نمبر ای ایم ڈی/ڈی۔2009/11`1342 مورخہ 4 اپریل 2013ء ہدایات کے مطابق ڈیویڈنڈ وارنٹس سی این آئی سی نمبر کے بغیر جاری نہیں کئے جا سکتے۔ لہٰذا تمام فزیکل شیئر ہولڈرز سے ہمارے لیٹرز اور اخبارات میں اشتہارات کے ذریعے تازہ سی این آئی سی کی کاپیاں فراہم کرنے کی درخواست کی گئی تھی۔ جن شیئر ہولڈرز نے ابھی تک اپنے تازہ سی این آئی سی کی کاپی جمع نہیں کرائی ہے، ان سے ایک بار پھر تازہ سی این آئی کی فوٹو کاپی/نیشنل ٹیکس نمبر مع فولیو نمبر کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو ارسال کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔ ڈیویڈنڈ وارنٹس پر سی این آئی سی نمبر پرنٹ نہ ہونے کی صورت میں کوئی ڈیویڈنڈ قابل قبول ادائیگی نہیں ہوگا لہٰذا برائے مہربانی ہمیں اپنے سی این آئی سی نمبر فراہم کر دیں بصورت دیگر ہم ڈیویڈنڈ کی ادائیگی کے اہل نہ ہوں گے۔

(6) کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 242 میں کہا گیا ہے کہ ''واجب الادا کوئی نقد منافع منقسمہ صرف الیکٹرونک طریقہ کار کے ذریعہ اہل شیئر ہولڈرز کے بنک اکاؤنٹ میں براہ راست ادا کیا جائیگا''۔ دفعہ 242 کی تعمیل میں ایس ای سی پی نے ایک سرکلر سی ایل ڈی/سی سی ڈی/پی آر (11)/2017 نمبر 2017/18 مورخہ یکم اگست 2017ء جاری کیا ہے جس میں لسٹیڈ کمپنیوں کو شیئر ہولڈرز سے الیکٹرونک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم حاصل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

اس ضمن میں ہم تمام رجسٹرڈ شیئر ہولڈرز سے درخواست کرتے ہیں کہ اپنا نقد منافع منقسمہ براہ راست بنک اکاؤنٹ میں وصول کرنے کیلئے بنک تفصیلات فراہم کر دیں اور اپنی بنک تفصیلات کی متعلقہ بنک سے تصدیق بھی سی ڈی ایس بک انٹری سیکیوریٹیز کی صورت میں سی ڈی ایس شریک اور فزیکل سیکیوریٹیز کی صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو پیش کرنی ہوں گی۔

(7) کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 244 اور ایس ای سی پی کے سرکلر نمبر سی ایل ڈی/سی سی ڈی/پی آر (11)/2017۔ ہدایت نمبر 16 مجریہ 2017ء مورخہ 7 جولائی 2017ء کی تعمیل میں تاریخ اجراء یا واجب الادائیگی سے تین سال تک لاداعی پڑے ڈیویڈنڈ شیئرز یا مضاربہ سرٹیفکیٹس کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی ضروریات پوری کرنے کے بعد وفاقی حکومت کے اختیار میں دیدیئے جائیں گے۔

اس سلسلہ میں متعلقہ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ کسی لاداعی ڈیویڈنڈ، شیئرز یا مضاربہ سرٹیفکیٹس کے ضمن میں کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر یا رجسٹرار آفس سے رابطہ کریں۔

(8) ممبران سے پتہ میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر ہمارے شیئرز رجسٹرار حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو مطلع کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔

(9) ایس ای سی پی کے اعلامیہ میں ایس آر او 787(1)/2014 مورخہ 8 ستمبر 2016 کے تحت کمپنی کے ممبران کو سالانہ مالی گوشواروں اور نوٹسز کی بذریعہ الیکٹرانک میل سسٹم وصول کرنے کی سہولت فراہم کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ہم بخوشی اپنے خواہشمند ممبران کو سالانہ مالی گوشوارے اور کمپنی نوٹسز آئندہ بذریعہ ای میل ارسال کرنے کی پیشکش کرتے ہیں۔ اس سلسلے میں ممبران سے درخواست ہے کہ اسٹینڈرڈ ریکوسٹ فارم پر جو کمپنی کی ویب سائٹ www.umergroup.com پر دستیاب ہے۔، اپنے عندیہ سے مطلع کریں برائے مہربانی اس کو یقینی بنائیں کہ آپ کے ای میل پر 1 ایم بی فائل سے زائد جگہ دستیاب ہو مزید برآں یہ ممبر کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے ای میل ایڈریس میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔

(10) فنانس ایکٹ مجریہ 2017ء کے تحت ڈیویڈنڈ کی ادائیگی پر انکم ٹیکس آرڈیننس مجریہ 2001ء کے تحت انکم ٹیکس منہا کرنے کے نرخ یکم جولائی 2017 حسب ذیل نافذ العمل ہوں گے۔

الف) برائے انکم ٹیکس ریٹرنز کے فلرز 15 فیصد

ب) برائے نان فلرز 20 فیصد نقد منافع منقسمہ سے 20 فیصد کی بجائے 15 فیصد ٹیکس منہا کرنے کا موقع کمپنی کو فراہم کرنے کے لئے جن شیئرز ہولڈرز کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر فراہم کردہ ایکٹیویٹس پیئرز لسٹ میں فلرز ہونے کے باوجود نام شامل نہیں ان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ کتب کی بندش کے پہلے دن سے قبل اے ٹی ایل میں اپنے ناموں کے اندراج کو یقینی بنائیں۔ بصورت نقد منافع منقسمہ سے 15 کی بجائے 20 فیصد کی شرح سے ٹیکس منہا کر لیا جائے گا۔

ڈیویڈنڈ کی رقم سے وو ہولڈنگ ٹیکس کے استثنیٰ کے لئے تازہ ٹیکس ایگزامینشن سرٹیفکیٹ یا کسی بھی عدالت سے اسٹے آرڈر حمید مجید ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو کتاب کی بندش کے پہلے روز فراہم کرنا ہوگا۔

مزید برآں فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی موصول شدہ وضاحت کے مطابق وو ہولڈنگ ٹیکس فلرز/نان فلرز پر پرنسپل شیئرز ہولڈرز اور جوائنٹ ہولڈرز کے تناسب کے مطابق علیحدہ علیحدہ وصول کیا جائے گا۔

اس ضمن میں جوائنٹ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے شیئرز کے تناسب سے تحریری طور پر (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو۔ شیئر رجسٹرار کو مطلع کریں۔